**22/01/2025**

**07.40 PM**

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

ہیڈ لائنز

☆ ........... راجوری کے بڈہال گاؤں میں انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پابندیاں عائد// معاملے کی تحقیقات وسیع پیمانے پر جاری۔

☆ ........... جموں وکشمیر سرکار عوامی مسائل حل کرنے کیلئے پُرعزم// وزیراعلیٰ عمرعبداللہ

☆ ........... بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ پہل کے 10 سال مکمل// بیٹیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کرنے پر وزیراعظم کا زور۔

اور

☆ ........... یوم جمہوریہ کے احسن انعقاد کیلئے انتظامات کو دی جارہی ہے حتمی شکل۔

راجوری

ضلع انتظامیہ راجوری نے بدھل تحصیل کے بڈھال گاؤں میں 17 پر اسرار اموات کے بعد صحت سے جڑی پیدا شدہ صورتحال کے تناظر میں بھارتیہ ناگرک سُرکشھا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت پابندیاں عائد کی ہیں۔ اس کے تحت انفکیشن کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے احتیاطی طور پر کسی بھی طرح کے اجتماع پر روک لگا دی گئی ہے۔
واضح رہے کہ مرکز کی ایک بین ورزاتی ٹیم اس معاملے کی چھان بین کیلئے علاقے میں موجود ہے جبکہ پولیس کی ایک خصوصی ٹیم بھی اس معاملے کی وسیع تحقیقات میں لگی ہوئی ہے۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کل علاقے کا دورہ کر کے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ایسے واقعات دوبارہ پیش نہ آئیں۔

........... **Byte**..... **(CM)**...........

جتیندر سنگھ

مرکز وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کٹھوعہ کے بسولی سیکٹر میں لکھن پور تھین روڈ کے متصل نوراپُل کا افتتاح کیا۔ یہ پُل 16 کروڑ 46 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔
ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس پُل کی بدولت سفر کا وقت دو گھنٹے کم ہوگا۔

**LG**

اُترپردیش کے پریاگ راج میں مہاکنبھ میلہ جاری ہے۔ جموں وکشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج میلے میں حاضری دیکر وہاں ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

--------**Music**--------

**CM**

سیول سیکریٹریٹ جموں میں آج کئی وفود نے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کر کے اپنے مسائل انکی نوٹس میں لائے۔

وزیراعلیٰ نے سبھی وفود کے مسائل غور سے سننے کے بعد اس عزم کا اظہار کیا کہ جموں وکشمیر سرکار تمام خطوں کی مساوی ترقی خاص طور پر دور افتادہ علاقوں اور پسماندہ طبقوں کی فلاح و بہبود کیلئے کاربند ہے۔

نائب وزیراعلیٰ

اس دوان نائب وزیراعلیٰ سُر یندر کمار چودھری نے آج رام بن ضلعے کے سنا میں ایک پبلک دربار منعقد کیا۔ انہوں نے گلی علاقے سے کٹیری تک سڑک پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

اس سڑک پروجیکٹ پر **8** کروڑ **72** لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے۔

سکینہ ایتو

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج محکمہ سماج بہبود کی کئی سکیموں پر عمل آوری کا جائزہ لیا۔ ان سکیموں میں خاص طور پر **ICDS** پوشن، مشن شکتی، مشن وتسالیہ، پردھان منتری ماتر و وندنا یوجنا قابل ذکر ہیں۔

میٹنگ میں محکمہ سماجی بہبود کے کمشنر سیکریٹری سنجیو ورما اور دیگر متعلقہ آفیسر بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو نے کہا کہ تغذیہ کی کمی کے مسئلے سے نمٹنے میں پوشن ابھیان کا اہم رول رہا ہے۔

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے ان دنوں پورے ملک میں نشہ مکت ابھیان عملایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کا پیغام۔

-------Byte--(PM)----

ادھر جموں وکشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں تاہم کاوشوں میں جدت لانے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے وادی کے ایک معروف نوجوان شاعر اور ساگر کلچرل فورم کے سربراہ ساگر نذیر نے شعبہ خبر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

----Byte--(Sagar Nazir)---

پولیس

اس دوران پولیس نے آج مزید تین سمگلروں کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار برآمد کر لی ہے۔

پولیس پریس نوٹ کے مطابق بارہمولہ پولیس نے غلام نبی ڈار ساکنہ باباگیل لمبر// بڈگام پولیس نے سجاد احمد بٹ ساکن گوپال سیف دیدمری باغ // اور ہندوارہ پولیس نے خالد بشیر لون ساکن کہی پورہ کرالہ گنڈ//کو گرفتار کر کے انکے خلاف قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت معاملے درج کئے ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com

پر بھیج سکتے ہیں۔

انٹرو

75 ویں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں جموں کشمیر بھر میں سول انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی جانب سے معقول انتظامات کیئے گئے ہیں۔ جموں کشمیر میں یو ٹی سطح کی تقریب جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی جہاں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا قومی جھنڈا لہرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔ اس تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مہمان خصوصی ہوں گے۔

ادھر کشمیر وادی میں جشن جمہور کی تقریبات کو احسن طریقے پر منانے کیلئے سلامتی کے فعال انتظامات کیئے گئے ہیں۔ وادی میں صوبائی سطح کی تقریب سرینگر کے بخشی اسٹیڈیم میں منعقد ہوگی۔

ایک رپورٹ کے ساتھ شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر۔

...... ...... ...... ...... V/o ...... ...... ...... ......

بیٹی بچاؤ

بچیوں کی فلاح و بہبود اور نہیں تعلیم فراہم کرنے اور با اختیار بنانے پر مرکوز اسکیم ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' کے آج دس سال مکمل ہو گئے ہیں۔ وزیر اعظم نریند رمودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ہر ایک پر زور دیا کہ وہ بیٹیوں کے حقوق کو تحفظ دینے کیلئے کام کرتے رہیں۔

جموں وکشمیر میں بھی ہزاروں مستحق بیٹیاں اس اسکیم کے تحت درج ہیں جن کے بینک کھاتوں میں ہر ماہ سرکار کی طرف سے ایک مخصوص رقم جمع کی جارہی ہے۔ مستحق کنبے اس خاص مدد کیلئے سرکار کے تئیں سپاس گذاری کا اظہار کرتے نظر آرہے ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے تمام متعلقہ محکموں کے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ شب معراج کی تقریبات کے سلسلے میں تمام ضروری انتظامات کریں۔

انہوں نے عقیدت مندوں کی سہولیت کیلئے اہم مساجد، خانقاہوں، زیارت گاہوں اور بقہ جات میں صحت وصفائی اور دیگر ضروری تیاریاں کرنے کی خاص ہدایت دی۔

گلمرگ

سیاحتی مقام گلمرگ میں گنڈولہ کیلئے ٹکٹ کی کالا بازاری اور ذخیرہ اندوزی کو روک لگانے کے ایک قدم کے طور پر جموں وکشمیر کیبل کار کارپوریشن نے کہا ہے کہ آج سے **8** فروری تک سیاحوں کیلئے ٹکٹ دینے کی سہولت آن سپاٹ کیبن میں بھی دستیاب رہے گی۔

کارپوریشن کے مینجنگ ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے تاہم بتایا کہ اس طرح ٹکٹ حاصل کرنے کے خواہشمند افراد کو گلمرگ گنڈولہ پروجیکٹ کے ویٹنگ ہال میں صبح **8** بجے سے صبح **9** بجے کے درمیان رپورٹ کرنا ہوگا۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

**------Byte------**

**NC**

نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور **MLA** جڈی بل تنویر صادق نے کہا ہے کہ شہر سرینگر ثقافتی ہم آہنگی، قدیم تاریخ اور تنوع کے اتحاد کی گواہی کے طور پر کھڑا ہے۔ سری لنکا کی راجدھانی کولمبو میں سٹرانگ سٹیز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مشکلات، بحران اور چلینجوں سے اُبھرنے میں شہر سرینگر کی قوت کا کوئی ثانی نہیں ہے۔

ڈرون

پونچھ ضلع میں آج بھارتی جوانوں نے ایک پاکستانی ڈرون کو گرانے کیلئے گولی چلائی، جو سرحد پار سے بھارتی حدود میں داخل ہوا تھا۔

ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ ڈرون ضلع کے مینڈھر سیکٹر میں محض کچھ دیر تک دیوار بندی کے پاس ہوا میں منڈلانے کے بعد واپس پاکستانی مقبوضہ کشمیر کی طرف چلا گیا۔

شوکت میر

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر سرینگر میں پارٹی کارکنوں اور عہد یداروں کے ایک اجلاس سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں پھر سے عوامی حکومت کی تشکیل کے ساتھ ہی عوام کی راحت رسانی کے کام سرانجام دیئے جارہے ہیں۔

انہوں نے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ آنے والے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات کی تیاری میں جٹ جائیں۔

کابینہ

مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں آج قومی صحت مشن سے متعلق **2021** سے **2024** تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا گیا اور اسے بھارت کے صحت عامہ میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا۔ کابینہ کی میٹنگ وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقد ہوئی جس میں جانکاری دی گئی کہ قومی صحت مشن کی عمل آوری کو اگلے **2** سال تک جاری رکھنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ **2021** میں مرکزی کابینہ نے مشن کی عمل آوری میں **5** سال کی توسیع کے ساتھ اسے **2026** تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔

اس دوران سرکار نے **2025-26** کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے خام پٹ سن کیلئے کم سے کم امدادی قیمت میں فی کونٹل **315** روپے کا اضافہ کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 12 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23 اعشاریہ 3 جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 34 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 52 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ۔